SCHOOL-BASED ASSESSMENT (SBA) - 2025

END-OF-YEAR ASSESSMENT

FINAL TERM

SUBJECT: ISLAMIAT

GRADE-5

[Part A: 50 Marks Part B: 50 Marks Total: 100 Marks], Time = 3 hours

School Name: ______________________

Student Name : ____________ **Roll Number :** ____________ **Section :** ____________

حصہ اول: معروضی سوالات

سوال نمبر 1: "ام الکتاب" کہا جاتا ہے:

(a) سورۃ اخلاص کو (b) سورۃ بقرہ کو (c) سورۃ فاتحہ کو (d) سورۃ یٰس کو

سوال نمبر 2: حدیث مبارک میں رات کو سونے سے پہلے پڑھنے کا حکم دیا گیا ہے:

(a) آیت الکرسی (b) درود شریف (c) کلمہ استغفار (d) آیت کریمہ

سوال نمبر 3: ہم اپنی زندگی کے معاملات میں جواب دہی کا احساس پیدا کر سکتے ہیں:

(a) عقیدہ توحید کے ذریعے (b) عقیدہ رسالت کے ذریعے (c) عقیدہ آخرت کے ذریعے (d) عقیدہ ختم نبوت کے ذریعے

سوال نمبر 4: ہر فرض نماز کے بعد آیت الکرسی پڑھنے والے کو ملے گی:

(a) جنت (b) صحت (c) سلطنت (d) دولت

سوال نمبر 5: مال پاک ہونے کا ذریعہ ہے:

(a) نماز (b) کلمہ (c) زکوٰۃ (d) حج

سوال نمبر 6: حدیث مبارک کے مطابق جمعہ کی نماز کو ترک کرنے والے کو شامل کر دیا جائے گا:

(a) غافلوں میں (b) جاہلوں میں (c) منافقوں میں (d) جھوٹوں میں

سوال نمبر 7: قربانی کے عمل کو اپنانے سے ہمارے دلوں میں جذبہ پیدا ہوتا ہے:

(a) عدل کا (b) ایثار کا (c) وقت کی پابندی کا (d) کفایت شعاری کا

سوال نمبر 8: حضرت محمد رسول اللہؐ خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰٓی اٰلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ وَسَلَّمَ کا بیت المقدس سے عرش معلّٰی تک کا سفر کہلاتا ہے:

(a) اسرا (b) معراج (c) عمرہ (d) حج

سوال نمبر 9: بیعت عقبہ ثانیہ میں مدینہ منورہ کے افراد نے اسلام قبول کیا:

(a) بہتر (b) تہتر (c) چوہتر (d) پچھتر

سوال نمبر 10: دین کی خاطر اپنا علاقہ یا وطن چھوڑ کر دوسری جگہ آباد ہو جانا کہلاتا ہے:

(a) سیاحت (b) ہجرت (c) سکونت (d) تجارت

سوال نمبر 11: مواخات مدینہ سے ہمیں سبق ملتا ہے:

(a) اتحاد کا (b) رواداری کا (c) ہمدردی کا (d) رحمدلی کا

سوال نمبر 12: مسجد نبوی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰٓی اٰلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ وَسَلَّمَ میں صفہ کا بنیادی مقصد تھا:

(a) تعلیم و تدریس (b) نماز کی ادائی (c) جہاد کی تیاری (d) تجارتی سفر کی رہنمائی

سوال نمبر 13: غزوہ بدر میں اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کی مدد فرمائی:

(a) جنات کے ذریعے (b) تیز آندھی کے ذریعے (c) ابابیل کے ذریعے (d) فرشتوں کے ذریعے

سوال نمبر 14: دوسرے کی مذہبی رائے کا احترام کرنا شامل ہے:

(a) انصاف میں (b) سخاوت میں (c) انکساری میں (d) رواداری میں

سوال نمبر 15: رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰٓی اٰلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ وَسَلَّمَ کا اپنے چچا کے قاتل کو معاف کر دینا ایک عمدہ مثال ہے:

(a) ایفائے عہد کی (b) اخوت کی (c) عفو و درگزر کی (d) شجاعت کی

سوال نمبر 16: تنگ دستی سے بچنے کی بہترین حکمت عملی ہے:

(a) سخاوت (b) میانہ روی (c) رواداری (d) صبر

سوال نمبر 17: ایک دوسرے پر اعتماد کرنے کے لیے ہمیں چاہیے:

(a) نرمی سے بات کریں (b) فضول خرچی سے پرہیز کریں

(c) نماز کی پابندی کریں (d) وعدے کی پابندی کریں

سوال نمبر 18: اسلامی اخوت سے مراد سب مسلمان آپس میں ہیں:

(a) رشتہ دار (b) ہم زبان (c) دوست (d) بھائی

سوال نمبر 19: چغل خوری ترک کر کے ہم بچ سکتے ہیں:

(a) معاشرتی فساد سے (b) کنجوسی سے (c) فضول خرچی سے (d) تنگ دستی سے

سوال نمبر 20: حضرت داؤد علیہ السلام پر نازل ہونے والی کتاب کا نام ہے:

(a) زبور (b) تورات (c) انجیل (d) قران مجید

سوال نمبر 21: قران مجید میں "حواری" کا لفظ ساتھیوں کے لیے استعمال ہوا ہے:

(a) حضرت یعقوب علیہ السلام کے (b) حضرت یوسف علیہ السلام کے

(c) حضرت موسیٰ علیہ السلام کے (d) حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے

سوال نمبر 22: حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے لقب "اسد اللہ" میں ہمارے لیے سبق ہے:

(a) تقویٰ کا (b) قناعت کا (c) سخاوت کا (d) بہادری کا

سوال نمبر 23: اسلام کی اشاعت کے لیے صوفیہ کرام رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہم کی زندگیوں میں نمایاں پیغام ہے:

(a) مناظرہ کا (b) مباحثہ کا (c) جہاد کا (d) حسن اخلاق کا

سوال نمبر 24: اسلامی تعلیمات ہمیں سبق دیتی ہیں کہ اپنی جان، مال اور عزت آبرو کی حفاظت کرنا ہے:

(a) فرض (b) سنّت (c) مستحب (d) واجب

سوال نمبر25: دین اسلام نے شجرکاری کو قرار دیا ہے:

(a) بہترین تجارت (b) بہترین مال (c) بہترین فریضہ (d) بہترین صدقہ

حصہ دوم: انشائیہ سوالات

سوال نمبر26

i) نماز جمعہ کب ادا کی جاتی ہے؟(2)

ii) جمعہ کے دن کی فضیلت پر ایک حدیث مبارک کا ترجمہ لکھیں۔(3)

iii) جمعہ کے دن کے چار معاشرتی آداب لکھیں۔(5)

سوال نمبر27

i) سفر معراج سے کیا مراد ہے؟(2)

ii) معراج کے سفر کے بارے میں کفار کا کیا رد عمل تھا؟(4)

iii) حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کے سفرِ معراج سے ہمیں کیا سبق ملتا ہے؟(4)

سوال نمبر28

i) مال خرچ کرنے کے حوالے سے اسلامی تعلیمات کیا ہیں؟(2)

ii) کفایت شعاری کی ضرورت واہمیت واضح کریں۔(3)

iii) کفایت شعاری کو اپنا کر ہم اپنے ملکی وسائل کے استعمال کو کیسے بہتر بنا سکتے ہیں؟(5)

سوال نمبر29

i) ایفائے عہد کے کیا معنی ہیں؟(2)

ii) حدیث مبارک کی روشنی میں ایفائے عہد کی کیا اہمیت ہے؟(3)

iii) ایفائے عہد کی پابندی سے حاصل ہونے والے پانچ نتائج تحریر کریں۔(5)

سوال نمبر30

i) اسلامی تعلیمات کی روشنی میں انسانی جان کی حفاظت کی اہمیت کیا ہے؟(3)

ii) ناگہانی آفات سے بچنے کے لیے ہم کون کون سی احتیاطی تدابیر اختیار کر سکتے ہیں؟ تین تدابیر تحریر کریں۔(3)

iii) حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے ناگہانی آفت کی صورت میں کیا فرمایا؟(4)